ایمان کی تازگی کے لیے

— ایمان کو زندگی کی ڈرائیونگ فورس بنانے کے لیے
— روزمرہ کے معمولات اور ملکی و عالمی حالات پر درست نقطۂ نظر اپنانے کے لیے
— دنیا اور آخرت کا جو مقام ہے وہی ان کو دینے کے لیے
— پریشانیوں اور تکالیف کے دوران ایمان پر ثابت قدم رہنے کے لیے
— شیطان کے حربوں سے اپنے کو بچانے کے لیے

قرآن سے زندہ و توانا تعلّق قائم کیجیے

[آپ محسوس کریں اللہ تعالیٰ نے یہ کلام اپنے بندے' یعنی آپ کے لیے نازل فرمایا ہے]

— ٹی وی یا ریڈیو سے روزانہ ایک گھنٹہ تلاوتِ قرآن مع ترجمہ سننے کو اپنا معمول بنا لیجیے۔ واکنگ کرتے ہوئے' ڈرائیونگ کرتے ہوئے' کچن میں پکاتے ہوئے' فارغ بیٹھے ہوئے' کسی بھی وقت۔

چار ماہ میں قرآن پاک کے سارے مضامین اپنے مخصوص آہنگ میں آپ کے قلب و ذہن سے گزر جائیں گے۔

— آپ نوجوان ہیں' عربی نہیں آتی' آج ارادہ کریں تین ماہ کی اوسط محنت سے آپ اتنی عربی جان سکتے ہیں کہ قرآن کا مطلب سمجھنے لگیں۔

— آپ بزرگ ہیں' فکر کریں کہ آپ کے گھر کے چھوٹے بچے میٹرک سے پہلے اتنی عربی سیکھ لیں کہ قرآن کی عربی سمجھیں۔ ان کے لیے سرمایۂ حیات ہوگا۔ ان کی نمازیں بامعانی ہو جائیں گی اور آپ کی یہ کوشش آپ کے لیے توشۂ آخرت ہوگی۔

(خیر خواہ)